29/03/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں طارق احمد گنائی

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح11بجے اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات کے 132ویں شمارے میں مختلف موضوعات پر اظہار خیال کریں گے ۔ یہ پروگرام دور درشن اور آکاشوانی نیوز ، اطلاعات و نشریات کی DDنیوز ، AIR کے پورے نیٹ ورک سے نشر کیا جائے گاپروگرام کے یوٹیوب چینلز پر بھی لائیو سٹریم کیا جائے گا۔PMO وزارت اور

LG

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کاروباری افراد اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات سے اپیل کی ہے کہ وہ جموں و کشمیر کے مختلف شعبوں کو مزید مضبوط اور انسان دوست بنانے میں اپنا کردار نبھائیں۔

انہوننے کہا ہے کہ”میک اِن انڈیا“ نظریہ کو حقیقت بنانے میں ہمارے کاروباری افراد اپنی انفرادیت کے ذریعے الگ شناخت قائم کر رہے ہیں۔ وہکل جموں میں "Big Impact ایوارڈس Big FM 2026 برائے جموں و کشمیر کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے، جس کا انعقاد 92.7 نے کیا تھا۔

-------LG-------

ایوارڈس کے آئندہ ایڈیشن میں کسان برادری کو Big Impact لیفٹیننٹ گورنر نے تجویز دی کہ بھی شامل کیا جائے تاکہ جموں و کشمیر کی معیشت میں ان کی اہم شراکت داری کو اُجاگر کیا جا سکے۔

تقریب میں 92.7 بگ ایف ایم کے کلسٹر ہیڈ وکرانت شرما کے علاوہ سینئر افسران اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے شرکت کی۔

ملاقات

جموںو کشمیر کے سابق نائب وزیر اعلیٰ تارا چند اور ممبر اسمبلی ڈوڈہ ویسٹ شکتی راج پریہار نے لیفٹننٹ گورنر کے ساتھ الگ الگ ملاقات کی اور مختلف معاملات ایل جی کی نوٹس میں لائے۔

راتھر

جموںو کشمیر اسمبلی کے سپیکرعبدالرحیم راتھر، سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبد اللہ پر حال ہی میں ہوئے قاتلانہ حملے کی مذمت کر تے ہوئے کہا کہ اس معاملے کی منصفانہ تحقیقات کر کے مجرم کو سخت سزا دی جانی چاہیے تاکہ آئندہ کوئی ایسا جرم کرنے کی جرا

ٔت نہ کر سکے۔ان باتوں کا اظہارانہوں نے کل اسمبلی مینہوئی بحث کے بعد کیا۔

انہوں نے کہا ہے کہ ڈاکٹر فاروق عبداللہ ایک عالمی شہرت یافتہ شخصیت ہیں جنہوں نے جموں و کشمیر اور ملک کی فلاح و بہبود، ترقی اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے لئے کام کیا ہے۔

جا وید ڈار

زراعت اور اس سے منسلک شعبوں میں بہتری لانے کی غرض سے ہولیسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام (HADP) کے تحت 29 مختلف اسکیمیں نافذ کی جارہی ہیں۔

ان باتوں کا اظہاردیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے جموں کے رنبیر سنگھ پورہ میں سب ڈویژنل ویٹرنری ہسپتال کا افتتاح کرنے کے موقعے پر کیا۔انہوں نے کہا ہے کہ یہ سہولت مویشیوں کے لیے بروقت علاج معالجہ کو یقینی بنائے گی۔

انہوننے مزید کہا کہ نوجوانوں کو چاہئے کہ وہ زراعت جیسے نفع بخش پیشے کو روزگار کے وسیلے کے طور اپنائیں۔

چیف سیکریٹری

جموں و کشمیر میں اعلیٰ تعلیم محکمے کومزید بہتر ی کی طرف لے جانے اور مستقبل کےلئے نقشہ راہ تیارکرنے کی غرض سے چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے اعلیٰ تعلیم کے محکمے کی ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ انہوننے تمام اعلی تعلیمی اداروں کے سربراہان کو ہدایت کی کہ وہ وزیراعظم نریندر مو دی کی زیرصدارت 5ویں چیف سیکرٹریز کانفرنس کے دوران تجویز کردہ اصلاحاتی اقدامات پر عمل درآمد کے لیے اپنے پلان تشکیل دیں۔

میٹنگ میں جموں و کشمیر کی مختلف یونیورسٹیوں کے وائس چانسلروں ، کمشنر سیکرٹری ہائر ایجوکیشن؛ یونیورسٹیوں کے رجسٹرار؛ ڈائریکٹر کالجز؛ اور محکمہ کے دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

رومشو

بقائے حیات میں پانی کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔پانی کے تحفظ کو پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کے ساتھ جوڑا جارہا ہے ۔ اس سلسلے میں اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ کے وائس چانسلر اور معروف Earth Scientist پروفیسر شکیل احمد رومشو نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

...........Ramshoo...........

بارش

وادی کشمیر کے بیشتر علاقوں میں نصف شب سے بارشوں کا سلسلہ رُک رُک کر جا ری ہے۔ اس دوران کولگام سے ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے اطلاع دی ہے کہ رام بن سیکٹر میں کشتواڑی پتھار اور کرول برج جیسے مقامات پر تیز بارشوں کی وجہ سے پسیاں گر آئی ہیں۔

نمائندے نے ٹریفک حکام کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ سرینگر جموں شاہراہ پر دونوں اطراف سے ٹریفک کی آمد ورفت بلا خلل جا ری ہے تاہم مسافروں کو مشورہ دیا گیا کہ وہ سفر شروع کرنے سے پہلے ٹریفک پولیس کی ایڈوائزری چیک کرے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت10 اعشاریہ3 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت16اعشاریہ6ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....

....

....